© rasailojaraid.com

والمشاريع الدينية والخدمات العظيمة قد وفق الله تعالىٰ للقائمين على شئون المملكة أداء ها' الأأستطيع أن أبين جميع ماتقوم به المملكة من ألاف المشاريع' تقبلها الله جل جلاله وآدام ظل المملكة على جميع العالم الاسلامي.

واخيراً أرحبكم مرة أخرى واننى اشكر الله تعالىٰ حيث شرف مجلس الشورى السعودى برأسة عالم نبيل وشيخ جليل معالى الشيخ صالح بن عبدالله بن حميد الذى شرفه الله تعالىٰ بامامة الحرم المكي وخطابتها. صاحب البصيرة الدينية والفراسة الايمانية ما احسن الدين والدنيا اذا اجتمعا. وأرى من الواجب أن اشكر سماحة السفير الشيخ على العواض العسيرى المحترم حفظه الله تعالىٰ حيث يبذل جهوده المشكورة ليلاً و نهاراً فى توطيد الاواهر الاخوية والسياسية والتجارية بين البلدين شكرالله مساعيه ورزقه مزيد التوفيق والاخلاص.

والسلام سميع الحق عضوء مجلس الشيوخ الباكستان

ورئيس الجامعة الحقانية اكوره ختك

**نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی وفاق المدارس کے اجلاس میں شرکت:** ۲اور۳ رمئی کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے دو اہم اجلاسوں کا انعقاد مرکزی دفتر ملتان میں ہوا۔جس میں شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق نے شرکت کی۔۲ رمئی کو بعد مغرب زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں مدارس و مساجد کے نقصانات کے ازالہ کے لئے وفاق کی طرف سے قائم شدہ ریلیف کمیٹی کا اجلاس رات گئے تک جاری رہا۔اجلاس میں تعاون کے سلسلہ میں رقوم جمع کرنے اور خرچ کرنے کے طریق کار اور دیگر امور پر طویل غور وخوض ہوا۔۳ رمئی کو صبح دس بجے سے مجلس عاملہ کے اجلاس میں متاثرہ علاقوں کے متعلق امور' وفاق کے سالانہ بجٹ و دیگر ضروری مسائل پر غور کے بعد اہم فیصلے کئے گئے۔ہر دو اجلاس وفاق کے صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان کی صدارت میں منعقد ہوئے۔

**دارالعلوم میں عامر شہیدؒ کانفرنس کا انعقاد:** گزشتہ دنوں شہید اسلام عامر چیمہؒ کی شہادت کے موقع پر دارالعلوم کے متصل بڑے گراؤنڈ میں ایک تعزیتی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا اور عامر شہیدؒ کو اس موقع پر بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا۔کانفرنس سے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ' حضرت مولانا سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ' مولانا مغفور اللہ صاحب' اور ممبر قومی اسمبلی مولانا حامد الحق حقانی اور دیگر اساتذہ کرام وعلماء نے تفصیلی خطبات کئے۔اس موقع پر ہزاروں طلباء اور علاقہ بھر کے عوام نے شرکت کی۔

**رشین جرنلسٹ کی دارالعلوم آمد:** گزشتہ دنوں دارالعلوم میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے انٹرویو کے لئے رشین جرنلسٹ ڈاریا (Daria) تشریف لائیں۔آپ ماسکو کے ایک بڑے اخبار ''پراوڈا'' کی بیورو چیف ہیں۔آپ نے حضرت مولانا مدظلہ سے عالم اسلام اور موجودہ صورتحال پر سیر حاصل انٹرویو ریکارڈ کیا۔

© rasailojaraid.com